سوال

زمین پر زکوٰۃ

جواب

غیر تجارتی اور غیر مستعمل زمین کی زکوۃ کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ زمین جو خرید کر چھوڑ دی گئی ہو، کیا اس پر زکوٰۃ ادا کرنا فرض ہے یا نہیں-نہ استعمال میں ہے اور نہ تجارت کے لئے ہے۔ ؟ قران وسنت کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد! ایسی زمین پر کوئی زکوۃ نہیں ہے، کیونکہ زکوۃ زرعی زمین کی آمدن پر اور تجارتی زمین کی قیمت پر ہوتی ہے، اور آپ کی یہ زمین نہ تو استعمال میں ہے، جس سے زراعت پیدا ہو، اور بقول آپ کے نہ ہی تجارتی مقصد سے لی گئی ہے۔ ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی